**25/03/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔**

**اب آپ اعجازہ اخترسے خبریں سُنیے۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شیر کشمیر زرعی یونیورسٹی جموں کی طرف سے منعقد کئے گئے کِرشک میلے میں شرکت کرکے تعلیم ، تحقیق اور کسانوں کی تربیت کو فروغ دینے سے متعلق چار اہم سہولیات کا افتتاح کیا۔**

**اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ یہ یونیورسٹی اپنے کرشی وکاس کیندروں اور تحقیقی مراکز کے ذریعے عوامی رابطہ کاری کے کامیابی پروگراموں کا انعقاد کرتی ہے ،جس کی بدولت خطے کی زرعی صلاحیت کے امکانات کو تلاش کرنے اور اسے روز گار کے مواقعوں مینتبدیل کرنے میں مدد ملے گی۔**

**...........LG...........**

**در اندازی**

**کھٹوعہ ضلع کے ہیرا نگر سیکٹر میں حفاظتی عملے نے اُس جگہ سے کچھ ہتھیار اور دیگر چیزیں بر آمد کی ہیں جہاں دو روز قبل در اندازوں کو تلاش کرنے کیلئے ایک کارروائی شروع ہونے کے بعد جھڑپ ہوئی تھی۔**

**ذرائع کا کہنا ہے کہ در انداز، ممکنہ طور پروہاں سے بھاگ نکل گئے ہیں۔ البتہ سیکورٹی فورسز نے انہیں ڈھونڈ نکالنے کیلئے اپنی تلاشی کارروائی کو مزیدعلاقوں تک وسیع کیا ہے۔**

**اننت ناگ**

**اسی دوران فوج اور جموں کشمیر پولیس نے ضلع اننت ناگ کے سنگلن جنگلاتی علاقے میں ایک ہائیڈ آؤٹ کاپتہ لگایا ہے جہاں سے ایک ہتھ گولہ اور کچھ دیگر ہتھیار بر آمد کئے گئے ہیں۔**

**فوج کی چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس سلسلے میں مزیدچھان بین شروع کی گئی ہے۔**

**جتندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کے ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے میں انقلابی تبدیلیاں آئی ہیں۔ وہ اکنامک ٹائمز کی طرف سے منعقد کردہ The 5G Congress-سے خطاب کر رہے تھے

انہوننے کہاکہ ڈیجیٹل انڈیا مہم کی کامیابی کی مثال یہ ہے کہ جب کورونا وباءچل رہاتھا ،بھارت میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کا سلسلہ جاری رہا ہے اور معیشت پر کوئی خاص اثر انہیںپڑا۔

...........Jitender Singh........

آگ

اولڈ ٹاؤن بارہمولہ مینگذشتہ شام آگ کی ایک بھیانک واردات میں 15رہائشی مکانات مکمل طور سے خاکستر ہو گئے ہیں جبکہ کچھ دیگر تعمیراتی ڈھانچوں کو بھی جزوی نقصان پہنچا ہے ۔

ہمارے بارہمولہ کے نمائندے کوثر سلام نے پولیس ذرائع کاحوالہ دیکر خبر دی ہے کہ اس واردات سے مجموعی طور پر تیس کنبے متاثر ہوئے ہیں، جنہیںمحفوظ مقامات کی طرف منتقل کیا گیا ہے۔اس واردات میں کچھ افراد زخمی بھی ہو گئے ہینجنہیں علاج کیلئے اسپتال پہنچایا گیا ہے ۔

، فوج SDRF،CRPFکل شام6بجکر18منٹ پر لگی اس آگ کو فائر سروسز کے عملے ، پولیس، اور مقامی لوگوں کی مدد سے قریب رات کے ساڑھے گیارہ بجے قابو کیاگیا۔

TB

جموں وکشمیر میں تپ دق بیماری کو مکمل طور پر ختم کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں اور ا س سلسلے میں کافی کچھ پیشرفت بھی ہوئی ہے۔

محکمہ صحت مینسٹیٹ ٹیوبرکلوسز سیل کی سٹیٹ نوڈل آفیسر ڈاکٹر ادفر یاسین نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

........(Adfar Yaseen)....Byte....

پولیس

جموں و کشمیرپولیس کی طرف سے پلوامہ ضلع میں معدنیات کی غیر قانونی اخراج میںملوث چار گاڑیوں کو ضبط کرکے چارافراد کو گرفتار کر لیا ہے۔

اسی طرح کی الگ الگ کارروائیوں میں گاندربل ضلع سے بھی 18گاڑیوں کوسیزکر دیا گیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ